REGISTERED WITH THE REGISTRAR OF NEWSPAPERS FOR INDIA AT NO. R.N. 61/57.

بسم اللہ الرحمن الرحیم — نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم — وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

REGD. NO. P/ GDP-3.

جلد ۳۰ — شمارہ ۲

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

ہفت روزہ بدر قادیان

شرح چندہ
سالانہ ۲۰ روپے
ششماہی ۱۰ روپے
ممالک غیر بذریعہ بحری ڈاک ۴۰ روپے
فی پرچہ ۴۰ پیسے

ایڈیٹر:- خورشید احمد انور
نائب:- جاوید اقبال اختر

THE WEEKLY BADR QADIAN. 143516

۸ جنوری ۱۹۸۱ء — ۸ صلح ۱۳۶۰ ہش — پنجم ربیع الاول ۱۴۰۱ھ

اخبار احمدیہ

قادیان ۵ صلح (جنوری) سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں روزنامہ الفضل ربوہ مجریہ ۲۹ دسمبر کے ذریعہ موصول شدہ تازہ ترین اطلاع مظہر ہے کہ :-

حضرت اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کی طبیعت خدا تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے - الحمد للہ -

احباب کرام توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضور پرنور کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کو اپنی خاص الخاص تائیدات اور فضلوں سے نوازتا رہے - آمین -

قادیان ۵ صلح (جنوری) - مقامی طور پر محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ و امیر جماعت احمدیہ قادیان مع محترمہ سیدہ بیگم صاحبہ و بچگان اور جملہ درویشان کرام بفضلہ تعالیٰ خیر و عافیت سے ہیں - الحمد للہ — محترم صاحبزادہ صاحب موصوف مع محترمہ سیدہ بیگم صاحبہ مورخہ ۱/۸۱/۷ کو محترم سیٹھ محمد الیاس صاحب امیر جماعت احمدیہ یادگیر کی بچی کی تقریب رخصتانہ میں شمولیت کی غرض سے حیدر آباد تشریف لے جا رہے ہیں - اللہ تعالیٰ سفر و حضر میں حامی و ناصر ہو اور بخیر و عافیت مرکز میں واپس لائے - آمین ۔

پندرھویں صدی ہجری کے آغاز پر ربوہ میں ایک سو ایک بکرے صدقہ کئے گئے

پہلا بکرا سیدنا حضرت اقدس ایدہ اللہ نے اپنے دست مبارک سے صدی شروع ہونے کے فوراً بعد صدقہ کیا!

ربوہ - ۱۸ نبوت (نومبر) - پندرھویں صدی کے آغاز پر پہلے ہفتہ کے اندر جماعت احمدیہ اور ذیلی اداروں کی طرف سے ایک سو ایک بکروں کا صدقہ اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کیا گیا - تاکہ اللہ تبارک تعالیٰ اپنے فضل خاص سے اس صدی کو غلبۂ اسلام کی صدی بنائے اور برکتوں اور فضلوں کا نزول فرمائے - آمین -

اس سلسلہ میں سب سے پہلا بکرا خود سیدنا حضور پرنور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۹ نومبر ۱۹۸۰ء کی شام غروب آفتاب کے پندرہ منٹ بعد جبکہ پندرھویں صدی ہجری کا آغاز ہو رہا تھا - اپنے دست مبارک سے ذبح کر کے صدقہ کیا - اس کے علاوہ اس روز دو اور بکرے بھی صدقہ کئے گئے - اس کے بعد یہ سلسلہ ۷ محرم الحرام تک جاری رہا - اور ربوہ کے مختلف محلوں میں ایک سو ایک بکرے صدقہ کئے گئے - اس کام کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی تھی -

اس کمیٹی کے ذمہ ان بکروں کی خرید اور محلہ وار ان کی تقسیم کا کام تھا - ان بکروں کو ہر محلے میں پہنچا کر اور صدر محلہ سے رابطہ کر کے صدقہ کیا جاتا تھا اور ان کا گوشت لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کی زیر نگرانی ناداروں اور مستحقین میں تقسیم کیا جاتا تھا - ایک سو ایک بکروں کی تعداد کی تقسیم مندرجہ ذیل طریق پر کی گئی :-

صد سالہ جوبلی فنڈ کی طرف سے ۳۱ بکرے - صدر انجمن احمدیہ کی طرف سے ۳۰ بکرے - تحریک جدید کی طرف سے ۱۰ بکرے - وقف جدید کی طرف سے ۵ بکرے -

(باقی صفحہ ۱۲ پر)

رسالہ "وائس آف اسلام" کیلئے

انٹرنیشنل سٹینڈرڈ سیریل نمبر مقرر کر دیا گیا

مکرم عطاء المجیب صاحب راشد انچارج مبلغ جاپان مشن کے رسالہ "وائس آف اسلام" کے بارے میں لکھتے ہیں :-

جب اس رسالہ کا پہلا پرچہ یہاں کی قومی لائبریری کے نام بھجوایا گیا تو اس لائبریری نے — جن کے فرائض میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ اس ملک سے جاری ہونے والے سب رسائل کا باقاعدہ اندراج اور ریکارڈ رکھے ، بذریعہ خط یہ اطلاع دی کہ انہوں نے ہمارے رسالہ وائس آف اسلام کے لئے انٹرنیشنل سٹینڈرڈ سیریل نمبر مقرر کر دیا ہے - اور وہ ہے

ISSN 0389 — 0368

انہوں نے لکھا ہے کہ یہ نمبر ساری دنیا میں صرف اس رسالہ کے لئے مخصوص ہے - اسے آئندہ ہر رسالہ کے اوپر شائع کیا جائے - کیونکہ ساری دنیا میں جو بھی لائبریری اسے محفوظ رکھنا چاہے گی وہ اس نمبر کے تحت اس کا اندراج کرے گی -

رسالہ کے اجراء کا ایک فائدہ یہ سامنے آیا ہے کہ بہت سے افراد نے فرداً فرداً رسالہ ملنے پر خطوط لکھے ہیں یا فون پر شکریہ ادا کیا ہے - اور آئندہ باقاعدہ رسالہ بھجوانے کی درخواست کی ہے - چنانچہ ان اطلاعات کی بنا پر ایک مستقل Mailing List بنائی جا رہی ہے -

وزارت خارجہ جاپان کے ایک افسر MR. NAKANO کا فون آیا کہ انہیں کتاب "احمدیت" کی ضرورت ہے اور انہیں مطلوبہ کتاب اور ایک رسالہ وائس آف اسلام کا پرچہ بھجوایا گیا جس کا انہوں نے شکریہ ادا کیا -

۱۱ ستمبر کو ایسٹ ویسٹ ڈسکشن گروپ میں شرکت کی - اجلاس کے دوران بعض امور کے بارہ میں اسلامی نقطۂ نظر پیش کیا - اجلاس کے بعد ۱۸ افراد کو رسالہ وائس آف اسلام دیا - نیز کھانے کے موقعہ پر چار جاپانی اور ایک امریکن دوست سے اسلام کے بارے میں ایک گھنٹے سے زائد بات چیت ہوئی ۔

دار الہجرت ربوہ میں

جماعت احمدیہ کا ۸۸واں جلسہ سالانہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا

قادیان ۴ صلح (جنوری) — پاکستان سے تشریف لانے والے بعض احمدی احباب کی زبانی یہ خوشکن اطلاع موصول ہوئی ہے کہ دار الہجرت ربوہ میں جماعت احمدیہ کا ۸۸ واں عظیم روحانی اجتماع خصوصی تائیدات سماوی کے جلو میں مورخہ ۲۶ فتح (دسمبر) کی صبح کو آغاز پذیر ہو کر بفضلہ تعالیٰ غایت درجہ کامیابی و کامرانی کے ساتھ مورخہ ۲۸ فتح (دسمبر) کی شام کو اختتام پذیر ہوا - الحمد للہ -

حسب سابق تینوں روز حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سامعین جلسہ کو اپنے ولولہ انگیز خطابات سے سرفراز فرمایا - امسال جلسہ سالانہ ربوہ کی حاضری بفضلہ تعالیٰ قریباً ۲½ لاکھ افراد پر مشتمل تھی - جو گذشتہ سال کی حاضری کے مقابلہ میں کم و بیش ایک لاکھ زیادہ ہے - تینوں روز اگرچہ موسم پر شدید سردی اور دھند کا اثر غالب رہا - تاہم خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے انعقاد جلسہ کے سلسلہ میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی - ثم الحمد للہ -

مزید تفصیلات موصول ہونے پر ہدیۂ قارئین کی جائیں گی -

ملک صلاح الدین ایم - اے پرنٹر و پبلشر نے فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر اخبار بدر قادیان سے شائع کیا - پروپرائیٹر صدر انجمن احمدیہ قادیان ۔

ہفت روزہ بدر قادیان
مورخہ ۸ صلح ۱۳۶۰ ہش

دیانتدارانہ صحافتی تقاضوں سے انحراف

جداگانہ ذہنی صلاحیتوں کی بناء پر ایک انسان کا دُوسرے سے نظریاتی اختلاف رکھنا کچھ بعید نہیں۔ مگر باہمی اختلاف رائے کا ہرگز یہ مطلب بھی نہیں کہ انسان اپنے سطحی جذبات کے زیر اثر شرافت اور انسانیت کے تقاضوں کو کلیتاً خیر باد کہہ دے۔ اور اپنے مخالف کے کسی نمایاں وصف کو بھی بطور وصف تسلیم کرنے سے پہلو تہی کرے۔

ایک مکمل اجامع اور عالمگیر مذہب ہونے کے ناطے اسلام چونکہ اپنے اندر اخلاق و رُوحانیت کا ایک بہت وسیع اور ہمہ گیر ضابطۂ حیات رکھتا ہے۔ اس لئے وہ اپنے متبعین کو بھی ہر نوع کے تعصب اور تنگ نظری سے بالا دیکھنے کا متمنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام اپنے اندر انسانی زندگی کے تمام شعبوں اور تقاضوں سے متعلق مکمل اور جامع ہدایات رکھنے کے باوجود فکر و نظر اور علم و حکمت کے وسیع میدان میں اپنے متبعین کو جولانی کرنے کی نہ صرف مکمل آزادی عطا کرتا ہے بلکہ انہیں یہ ترغیب بھی دیتا ہے کہ

کَلِمَةُ الْحِكْمَةِ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ فَحَيْثُ مَا وَجَدَهَا فَهُوَ اَحَقُّ بِهَا (ترمذی)

سردارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کا یہ بصیرت افروز ارشاد ہر مومن مسلمان کو اس امر کی تاکید کرتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو علم و حکمت اور فکر و نظر کے میدان میں محض لکیر کا فقیر ہی نہ بنائے بلکہ اگر اُسے اپنے مخالف کے پاس بھی حق و صداقت پر مبنی کوئی بات نظر آئے تو اُسے اپنا گم شدہ مال سمجھ کر فوری طور پر حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

یہ تو رہی اسلام کے پیش کردہ سُنہری اُصول و ضوابط کی بات، عام صحافتی دائرے میں بھی اس اُصول کو بہت زیادہ وقعت اور اہمیت دی گئی ہے کہ کسی بھی حقیقت کو خواہ وہ کتنی ہی تلخ اور ناگوارِ خاطر کیوں نہ ہو ایک حقیقت کے طور پر نہ صرف تسلیم کیا جائے بلکہ جہاں تک ممکن ہو سکے کمال جرأت مندی کے ساتھ اس کا اظہار بھی کیا جائے۔

ان تمام بحث کی روشنی میں ایک مُسلمان صحافی پر عائد ہونے والے ایمانی جرأت اور صحافتی دیانت کے اہم ترین تقاضوں کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ مگر افسوس کہ جب ہم اس جہت سے اپنوں اور بیگانوں کا موازنہ کرتے ہیں، تو ہماری تمام تر توقعات پر مایوسیوں کی اوس گر جاتی ہے۔

ہسپانیہ کی سرزمین جو (۷۱۱ء تا ۱۴۹۲ء) قریباً آٹھ سو سال تک اسلامی تہذیب و تمدن اور شان و شوکت کا گہوارہ رہی اور اسلامی دورِ حکومت میں اس خطۂ ارضی سے علم و فن اور اخلاق و رُوحانیت کے پھُوٹنے والے بے شمار سوتوں نے نہ صرف براعظم یورپ کو سیراب کیا بلکہ تمام کرۂ ارض کی دبیز و کہنہ تاریکیوں کو بھی نئی تابانیاں بخشیں۔ مگر —— سقوطِ غرناطہ کے بعد وہی سرزمین ایک مرتبہ پھر ہلالِ اسلامی کی نورانی ضیا باریوں سے بظاہر ہمیشہ ہمیش کے لئے محروم ہوگئی۔ تاریخ کے اس المناک دَور میں جو کم و بیش سات سو سال کے عرصہ پر محیط ہے، عیسائی حکمرانوں نے مسلمانانِ اندلس کو کیسے کیسے بہیمانہ مظالم کا تختۂ مشق بنایا اور کن کن فریب کارانہ طریقوں سے اُن پر عرصۂ حیات تنگ کیا تاریخ اندلس کے ان خونچکاں واقعات کو نگاہِ تصور میں لاتے ہی آج بھی کلیجہ منہ کو آتا ہے ——!!

وحشت و بربریت اور مذہبی تعصب و تنگ نظری کے اس دور میں کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ سرزمین ہسپانیہ کی قسمت ایک بار پھر پلٹا کھائے گی۔ اور اکنافِ عالم میں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے بابرکت آغاز کے ساتھ اس خطۂ ارض میں بھی خدائے واحد و یگانہ کا گھر تعمیر کرنے کے سامان ہوں گے۔

اس تمام پس منظر میں ۹ راکتوبر ۱۹۸۰ء بروز جمعرات جماعت احمدیہ کے مقدس رُوحانی سربراہ سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز کے دستِ مبارک سے قرطبہ سے ۳۰ کلومیٹر دُور پیدرو آباد کے مقام پر قریباً ۱۷ لاکھ روپیہ کی لاگت سے تعمیر ہونے والی پہلی مسجد کا سنگِ بُنیاد نصب کیا جانا بلاشک چودھویں صدی ہجری کا ایک ایسا عظیم اور تاریخ ساز کارنامہ ہے جسے غلبۂ اسلام کی بابرکت آسمانی مہم میں ایک انتہائی اہم سنگِ میل قرار دیا جاسکتا ہے۔ خود ہسپانوی پریس نے بھی جماعت احمدیہ کے اس عظیم ملّی کارنامے کو غیر معمولی اہمیت کا حامل گردانتے ہوئے اسے عیسائیت کے لئے ایک چیلنج اور خطرہ کی گھنٹی قرار دیا ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں سپین کے کثیر الاشاعت مؤقر روزنامہ "قرطبہ" کے ۸ راور ۱۰ راکتوبر ۱۹۸۰ء کے شماروں سے تین [illegible] ہم "بدر" مجریہ ۴ ردسمبر ۱۹۸۰ء کے صفحات میں نقل بھی کرچکے ہیں۔ اخبار مذکور نے نہ صرف یہ کہ اس مسجد سے متعلق تمام تفصیلات کو پوری صحت کے ساتھ درج کیا ہے۔ بلکہ اس کے فاضل مُدیر نے اپنے ایڈیٹوریل نوٹ میں اس حقیقت کا بھی کُھلے عام اعتراف کیا ہے کہ :-

" پیدرو آباد میں احمدیہ مشن نے ایک مسجد کا سنگِ بنیاد رکھ دیا ہے۔ یہ ایک خبر بلکہ ایک حقیقت ہے اور کیتھولک عقائد رکھنے والوں کے لئے ایک چیلنج بھی ...."

اب اسی تعلق سے ہمارے سپین کے ایک اور مُوقر و ممتاز ہفت روزہ "رہنما" مجریہ ۲۵ نومبر ۱۹۸۰ء کا ایک اور قابلِ قدر نوٹ موصول ہوا ہے جسے ہم "بدر" کی اسی اشاعت میں ہندوستان سے شائع ہونے والے تین مسلم اخبارات — روزنامہ "دعوت" دہلی، روزنامہ "آزاد" بنگلور اور ہفت روزہ "صدق جدید" لکھنؤ کے اقتباسات کے ساتھ ہدیۂ قارئین کر رہے ہیں۔ جہاں تک ہسپانوی اخبار ہفت روزہ "رہنما" میں شائع ہونے والی رپورٹ کا تعلق ہے ہمیں خوشی ہے کہ اس جریدے نے بھی تمام تر اختلافِ عقائد کو بالائے طاق رکھ کر اس حقیقت کا اعتراف پُوری اخلاقی جرأت اور دیانتداری کے ساتھ کیا ہے کہ :-

"—— حال ہی میں مسلم جماعت احمدیہ نے خدائے واحد کی عبادت بجالانے کے لئے ایک مسجد کی تعمیر شروع کر دی ہے —— اور یہ بات ایسی نہیں کہ اسے مذاق قرار دیا جائے۔ بلکہ نہایت سنجیدہ اور فکر انگیز ہے۔"

یہ تو رہے وہ اخبارات جو نہ صرف یہ کہ خود عیسائی نظریات کے حامی ہیں بلکہ ان کا جذباتی تعلق بھی سپین سے ہے۔ دُوسری طرف ہندوستان سے شائع ہونے والے ہمارے ان تینوں مسلم اخبارات کی ایمانی اور صحافتی دیانتداری ملاحظہ فرمائیے کہ جماعت احمدیہ سے عقائد و نظریات میں محض فروعی اختلاف رکھنے کی بناء پر ان میں سے کسی ایک کو بھی یہ اخلاقی جرأت نہیں ہو سکی کہ وہ اظہارِ حقیقت کی اِس تلخ گولی کو اپنے حلق سے نیچے اتار سکے کہ روئے زمین پر آباد نوّے کروڑ مسلمانوں میں سے اِس عظیم اور تمام عالم اسلام کے لئے باعثِ فخر کارنامہ کو انجام دینے کا سہرا صرف ڈیڑھ کروڑ افراد پر مشتمل اس غریب اور مٹھی بھر "جماعت احمدیہ" کے سر بندھا ہے جسے عمل و کردار سے یکسر تہی دامن تمام مسلمان دائرۂ اسلام سے خارج قرار دیتے ہیں۔ جبکہ روزنامہ "آزاد" بنگلور نے تو اپنے نام ہی کی طرح تمام تر صحافتی اور اخلاقی قدروں سے کلیتاً آزاد ہونے کا ثبوت فراہم کرتے ہوئے ایک واضح اور کھلی ہوئی حقیقت کو بھی توڑ موڑ کر اس رنگ میں پیش کیا ہے کہ :-

"اِس مسجد کے لئے کئی ایک اسلامی ممالک سے گراں قدر عطیات فراہم کئے گئے ہیں۔"

اگر تو اخبار مذکور نے اس خیانت اور صحافتی بد دیانتی کا ارتکاب دیدہ و دانستہ کیا ہے تو فی الواقع یہ امر انتہائی افسوسناک اور لائق نفرین ہے۔ لیکن اگر اس نے خبر کا یہ حصہ محض کسی غلط فہمی کی بناء پر شائع کیا ہے تو ہم اس کی اس غلط فہمی کا ازالہ کرنے کے لئے یہ وضاحت کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ بے شک گزشتہ سال کے دوران غرناطہ میں "جمعیۃ العودۃ الی الاسلام" کے نام سے سپینی مسلمانوں کی ایک تنظیم قائم کی گئی تھی۔ اور اس تنظیم نے اپنے وفود سپین میں مسجد اور دینی درس گاہ کے قیام کے لئے مالی امداد فراہم کرنے کی غرض سے امارات عربیہ متحدہ، سعودی عرب، کویت اور بہت سے دیگر اسلامی ممالک میں بھجوائے بھی تھے۔ مگر آج تک نہ تو یہ تنظیم اپنے مقاصد کو عملی جامہ پہنانے میں کامیاب ہو سکی ہے اور نہ ہی جماعت احمدیہ کے ذریعہ سپین میں سات سو سال کے بعد بمقام پیدرو آباد ۱۷ لاکھ روپیہ کی لاگت سے تعمیر ہونے والی اس پہلی مسجد کا اِس تنظیم کی مساعی اور اسلامی ممالک سے فراہم کردہ مالی امداد کے ساتھ کوئی تعلق ہے —— اور —— سچ پوچھئے تو اس تصویر کا یہی وہ عبرتناک پہلو ہے جو بانی صدق جدید مولانا عبدالماجد دریابادی کے الفاظ میں عمل و کردار سے یکسر تہی دامن تمام مسلمانوں کے دلوں میں رہ رہ کر یہ نشتر چبھوتا رہتا ہے کہ :-

"آخر یہ سوچنے کی بات ہے یا نہیں کہ جب بھی کوئی موقع اس قسم کی تبلیغی خدمت کا پیش آتا ہے، یہی "خارج از اسلام" جماعت شاہ نکل جاتی ہے اور ہم "سب دیندار" منہ دیکھتے رہ جاتے ہیں!"

(صدق جدید - ۱۹ رجون ۱۹۵۹ء ص۳)

فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ

خورشید احمد انور

دارالہجرت ربوہ میں

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے بعض انتہائی اہم اور بصیرت افروز خطابات کا ملخص

خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ احمدی طالب علم تحقیق کے میدان میں سب دُنیا سے آگے نکل جائیں

ربوہ ۱۰ نبوت (نومبر) سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدی طالب علموں کی تنظیم احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کی پہلی ایک روزہ کنونشن جو احاطہ مجلس انصار اللہ مرکزیہ میں منعقد ہوئی تھی سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ:-

ہو سکتا ہے کہ دُنیا کے کسی حصّہ میں آپ سے تعصب برتا جائے۔ لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ خدا تعالیٰ آپ سے تعصب کرے اگر زمین کا ایک حصّہ آپ کو رد کرے گا تو دوسرا حصّہ آپ کو ہاتھوں ہاتھ لے گا۔ اِس لئے بڑھیں، بڑھیں، آگے بڑھیں۔

حضور نے فرمایا کہ تحقیق کا میدان نہ ختم ہونے والا ہے۔ اور یہ سلسلہ نسل در نسل جاری رہتا ہے۔ لیکن اس کے لئے مناسب غذا کی بھی ضرورت ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اس سلسلہ میں سویا لیسی تھین SOYA — LACITHIN ایسی چیز ہے جو طالب علموں کے لئے خصوصاً بہت مفید ہے۔ اس چیز کا اتنا فائدہ ہے کہ اگر آپ کوئی اقتباس عام طور پر دس منٹ میں یاد کرتے ہیں تو سویا لیسی تھین کے استعمال سے یہ اقتباس چھ منٹ میں یاد ہو سکتا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ مہنگی چیز ہے۔ اور ہمارے ملک میں غربت بہت ہے اور دولت کی تقسیم (DISTRIBUTION OF WEALTH) کا نظام بھی ناقص ہے اس لئے یہ چیز عام استعمال میں نہیں آتی۔ حضور نے فرمایا کہ اسلام کہتا ہے کہ جس کا جو حق ہے وہ اُسے ملنا چاہیئے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سویابین کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ جس کا ذکر میں کر رہا ہوں وہ YELLOW MANCHURIAN VARIETY ہے۔ اس میں ۲۴ فیصد تیل ہوتا ہے۔ اس تیل میں لیسی تھین ہوتی ہے۔ حضور نے انگلستان کے ایک ذہین احمدی نوجوان ڈاکٹر کا ذکر فرمایا جو کہ وہاں اس پر تحقیق کر رہا ہے اور بتایا کہ اس نے لیسی تھین کا استعمال شروع کرنے کے بعد بتایا کہ اس سے پہلے میں ایک ہفتہ میں چھ صفحے اپنی تحقیق کے ٹائپ کیا کرتا تھا۔ اور اس میں کئی غلطیاں بھی ہوتی تھیں۔ اس نے بتایا کہ لیسی تھین کے استعمال کے بعد سے دو ہفتوں میں پچاس صفحے لکھے ہیں اور اس میں معمولی غلطی کے سوا کوئی غلطی نہیں تھی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہِ شفقت و عنایت اعلان فرمایا کہ ہر یونیورسٹی اور بورڈ کے تین چوٹی کے احمدی طالب علم منتخب کر کے اُن کے کوائف مجھے بھیجے جائیں۔ ایسے طالب علموں کی کُل تعداد ۲۰ ہو اور یہ وہ طالب علم ہوں جنہوں نے اگلے سال امتحان دینا ہو۔ حضور نے فرمایا کہ ایک سال کے لگ بھگ عرصے میں میری طرف سے ان کو سویا لیسی تھین ۱۲۰۰ ملی گرام کا کورس کروایا جائے گا۔ اور اس کے نتائج دیکھے جائیں گے۔ حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کرے تو عین ممکن ہے کہ سارے کے سارے اوّل آجائیں۔ حضور نے فرمایا کہ میرا دِل کرتا ہے کہ ہر بورڈ و یونیورسٹی میں چوٹی کی پانچ پوزیشنیں احمدی طالب علموں کی ہوں۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب میں احمدی طالب علموں کو ایک اہم نکتے کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرمایا کہ قرآن عظیم نے اِس کائنات کے متعلق جو بُنیادی نکتہ ہمیں بتایا ہے وہ یہ ہے کہ یہ منتشر اشیاء کا مجموعہ نہیں ہے بلکہ ایک منطقی مجموعہ ہے۔ کائنات کی ہر چیز کا دُوسری چیز سے تعلق ہے۔ اور اس نے اِس ساری بات کو ایک جملے

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ

میں بیان کیا ہے۔

حضور نے اِس اُصولی نکتے کی وضاحت کرتے ہوئے احمدی طالب علموں کو متوجہ کیا کہ وہ اپنی تحقیق کا رُخ اِس مرکزی نکتے کی طرف رکھیں ٭

(منقول از الفضل ۲۷ نومبر ۱۹۸۰ء)

فرمایا ہے کہ آنے والی صدی میں غلبۂ اسلام کے جو دروازے کھُل رہے ہیں وُہ ہم پر اشاعتِ اسلام کے لئے پہلے سے بڑھ کر ذمّہ داریاں ڈال رہے ہیں۔ اس کے لئے ہمیں تیار رہنا چاہیئے۔

حضور ایدہ اللہ نے ان خیالات کا اظہار قصرِ خلافت کے عقبی لان میں صدر انجمن احمدیہ اور تحریکِ جدید کی طرف سے دی گئی استقبالیہ ضیافت کے موقعہ پر خطاب کرتے ہوئے کہا۔ ہر دو اداروں نے یہ استقبالیہ تین براعظموں کے کامیاب و کامران دَورے سے واپسی پر حضور کو دیا تھا۔

حضور کے خطاب سے پہلے مکرم مولانا عبدالمالک خان صاحب نے حضور کی خدمت میں استقبالیہ ایڈریس پڑھ کر سُنایا جو کہ صدر انجمن احمدیہ اور تحریکِ جدید کی طرف سے تھا۔ اس میں حضور ایدہ اللہ کے دَورے سے کامیاب مراجعت پر حضور کو مبارکباد دی گئی۔ یہ استقبالیہ ایڈریس پڑھے جانے کے بعد صدر انجمن احمدیہ کے ناظر اعلیٰ محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب نے حضور کی خدمت میں پیش کیا۔ ایڈریس کے جواب میں حضور ایدہ اللہ کا یہ خطاب آٹھ بجکر ۲۸ منٹ پر شروع ہُوا۔ اور آٹھ بجکر ۵۵ منٹ پر ختم ہُوا۔ اس طرح سے حضور نے ۲۷ منٹ تک خطاب فرمایا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطاب میں اندرونِ ملک کی جماعت ہائے احمدیہ کی نمائندہ صدر انجمن احمدیہ اور جماعت ہائے احمدیہ بیرون ملک کی نمائندہ تحریکِ جدید کی طرف سے پیش کئے گئے نیک جذبات کا شکریہ ادا کیا۔ اور فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ مَیں نے اس دورے میں انڈونیشیا بھی جانا تھا۔ مگر یہ پروگرام بدلنا پڑا۔ مگر جماعت انڈونیشیا کے ایک فرد کو اللہ تعالیٰ نے بتا دیا کہ چودھویں صدی کے بعد دُنیا میں ایک ایسا انقلاب برپا ہوگا کہ جماعت احمدیہ کے ذریعہ اسلام کی شان اِس طرح دُنیا پر آشکار ہوگی کہ جو ساری دُنیا کے دِل جیت لے گی۔ حضور ایدہ اللہ نے بتایا کہ اس بات کا اظہار ہمارے سفر کے دَوران ہی شروع ہو گیا۔ اور اللہ تعالیٰ کے نشانوں کا قدم بہ قدم پر نزول ہوتا رہا۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سپین کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ سپین میں مُسلمانوں نے ایک لمبا عرصہ حکومت کی۔ اور دُعا اور خدا تعالیٰ کی عاجزانہ راہوں کو اختیار کرتے ہوئے وہ ترقیات حاصل کیں کہ ساری دُنیا کو حیرانی میں ڈال دیا۔ لیکن ان بادشاہوں کی اولادوں نے خدا تعالیٰ کی راہیں چھوڑ کر بدی کی راہوں کو اختیار کیا اور اس طرح حاکم کی بجائے محکوم بن گئے اور لاکھوں افراد قتل و غارت گری کا شکار ہو گئے۔ جو رہ گئے وہ جبراً عیسائی بنائے گئے۔ حضور نے فرمایا پھر حالات بدلے۔ اس پر لمبا عرصہ گزرا۔ اور پانچ یا سات سو سال گزر گئے۔ اب سپین میں اسلام کی ترقی کا عمل شروع ہو گیا۔ حضور نے فرمایا کہ اس علاقے کے لوگوں کے جذبات ۱۹۷۰ء میں اتنے دوستانہ نہیں تھے۔ ہمیں دیکھ کر اس علاقے کے لوگوں کی آنکھوں میں خون اتر آتا تھا۔ مگر اس دفعہ غرناطہ بھی بدلا ہُوا تھا۔ طلیطلہ بھی پیار کرنے والا نظر آیا اور آنا پیار ان لوگوں نے دیا کہ اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر اس انقلاب پر کیا جائے کم ہے ٭

(منقول از الفضل ۴ دسمبر ۱۹۸۰ء)

احباب دُعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بیماری سے نجات دلائے

ربوہ ۵ فتح (دسمبر)۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ نے آج یہاں نماز جمعہ مسجد اقصیٰ میں پڑھائی۔ نمازِ جمعہ سے قبل خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے حضور نے اپنی صحت کے بارے میں بتایا۔ حضور نے فرمایا کہ جب میں سفر پر روانہ ہُوا تھا تو اُس وقت بھی بیماری کی حالت میں روانہ ہُوا تھا۔ حضور نے فرمایا کہ مجھے ۲۵ مارچ ۱۹۸۰ء کو گُردے میں انفکشن کا حملہ ہُوا تھا۔ اس کے تین ماہ کے بعد جون کے آخر میں سفر پر روانہ ہُوا تو اُس وقت بھی ڈاکٹروں نے کہا تھا کہ دس فیصدی بیماری ابھی باقی ہے۔ اور دوا کا استعمال جاری رہنا چاہیئے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ دوائی میں نے مزید دو اڑھائی ماہ استعمال میں رکھی۔ اس کے بعد چھوڑ دی۔ حضور نے فرمایا کہ یہاں واپس آنے کے بعد ضروری ذمہ داریاں میرا انتظار کر رہی تھیں۔ خدام و انصار کے اجتماعات تھے۔ اس دَوران یہ محسوس کیا گیا کہ گُردے میں انفکشن پھر ہو گئی ہے۔ ٹیسٹ کیا گیا تو انفکشن کی تصدیق ہو گئی۔ حضور نے فرمایا کہ مَیں نے ڈاکٹروں کو کہا کہ اِس ذمّہ داری کی ادائیگی کے دوران میں دوائی نہیں کھاؤں گا۔ کیونکہ اگرچہ یہ دوائی انفکشن دُور کرتی ہے۔ لیکن اس کے کھانے سے ضعف ہو جاتا ہے۔ اور اس ضعف کی وجہ سے مَیں اجتماعات میں اپنی ذمہ داریاں صحیح طرح ادا نہ کر سکتا۔ اس لئے مَیں نے فیصلہ کیا کہ مَیں دوائی نہیں کھاؤں گا۔

غلبۂ اسلام کی آنے والی صدی میں ذمّہ واریوں کی ادائیگی کے لئے تیار رہو

ربوہ ۱۵ نبوت (نومبر) سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے

حضور نے فرمایا کہ اجتماعات کے بعد میں اسلام آباد گیا۔ وہاں کافی سوزش اور تکلیف رہی۔ جس کے علاج کے لئے ڈاکٹروں نے دو دوائیں دیں۔ دونوں کمزور کرنے والی ہیں۔ جس کی وجہ سے میں کمزوری محسوس کر رہا ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ اس وجہ سے میں لمبا خطبہ نہ دے سکوں گا۔

حضور نے فرمایا کہ دوست دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس بیماری سے نجات دے اور صحت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین۔

حضور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ میں سورۃ بنی اسرائیل کی دو آیات کی تفسیر فرماتے ہوئے بتایا کہ قرآن کریم نے بتایا ہے کہ انسان کو دو جنتیں ملتی ہیں۔ ایک اس کی زندگی میں اور دوسری مرنے کے بعد۔

حضور نے فرمایا کہ ہماری کوشش اور دُعا یہ ہونی چاہیئے کہ ہم ایسے اعمال بجا لائیں جن سے دونوں جنتوں میں ہم اللہ تعالیٰ کے فضلِ کبیر کے حقدار ٹھہر سکیں۔ اور وہ راہیں اختیار کریں جو قرآن شریف نے بتائی ہیں۔ اور جن پر چل کر ہم خدا تعالیٰ سے مل سکتے ہیں۔ آمین ؛

(منقول از الفضل ۱۰ دسمبر ۱۹۸۰ء)

احباب دُعائیں کریں کہ

اللہ تعالیٰ ہماری آنیوالی نسلوں کو گمراہی سے بچائے رکھے

ربوہ ۱۲ فتح (دسمبر)۔ سیدنا حضرت اقدس امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ نے آج یہاں مسجد اقصیٰ میں نمازِ جمعہ پڑھانے سے قبل خطبہ جمعہ ارشاد کرتے ہوئے فرمایا:۔

احباب جماعت کی تربیت کے لئے بہت چوکس رہنے کی ضرورت ہے۔ اور اس کے لئے ایک بڑی تدبیر جلسہ سالانہ کا اجراء ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ان تین دنوں میں ہزاروں نئے احمدیوں اور نوجوانوں کی اتنی تربیت ہو جاتی ہے، کہ پورے سال میں اتنی نہیں ہوتی۔ حضور نے فرمایا کہ اتنے بڑے جلسہ سالانہ کا انتظام کرنا کوئی معمولی کام نہیں ہے۔ اتنا فضل اور اتنی رحمت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی کہ ہمیں پتہ بھی نہیں چلتا کہ کب جلسہ سالانہ شروع ہوا اور کب ختم ہو گیا۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ ڈیڑھ لاکھ انسانوں کی رہائش، خوراک اور اُن کی صحت کا انتظام کرنا انسان کا کام نہیں۔ اور یہ کام اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک خدا کی رحمت ساتھ نہ ہو۔ حضور نے فرمایا کہ ہم سے کہیں زیادہ امیر اور منظم ادارے میرے علم میں ہیں کہ اُن کو دس ہزار افراد کو کھانا کھلانا پڑ جائے تو گویا قیامت برپا ہو جاتی ہے۔ مگر اس جلسہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اتنے بڑے انتظام کا احساس تک نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ ہی تمام کام کرتا چلا جاتا ہے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احباب جماعت کو تحریک کی کہ وہ دُعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے ایسی قوم تیار کرے جن کے دل ہر آن اس تڑپ سے معمور ہوں کہ وہ خدا سے دور دُنیا کے دلوں کو اللہ تعالیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جیتیں۔ حضور نے فرمایا کہ دُعا کریں کہ، خدایا! ہم تیرے نالائق مزدور سہی، مگر ہیں تو تیرے ہی۔ ہماری مدد کر۔ اور ہم کو کامیاب فرما۔ (آمین)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ جمعہ میں سپین کے بارے میں ایک تاریخی نکتہ کی وضاحت کی۔ اور بتایا کہ قرطبہ کے قریب پیدرو آباد میں جس مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا گیا ہے اس کے بارے میں ہمارے اخبار رسالوں میں شائع ہونے والی رپورٹوں میں دو متضاد باتوں کا ذکر آیا ہے۔ ایک یہ کہ یہ مسجد پانچ سو سال کے بعد بن رہی ہے۔ اور دوسرے یہ کہ یہ مسجد سات سو سال کے بعد بن رہی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ دونوں ہی باتیں ٹھیک ہیں۔ کیونکہ سپین کے آخری مسلمان بادشاہ نے پانچ سو سال قبل غرناطہ کی چابیاں ۱۴۹۲ء میں عیسائیوں کے سپرد کیں۔ اس لحاظ سے ۵۰۰ سال کی بات ٹھیک ہے۔ لیکن یہ مسجد قرطبہ کے قریب بن رہی ہے۔ اور قرطبہ کا سقوط ۱۲۳۶ء میں ہو گیا تھا۔ یعنی ۷۴۴ سال قبل۔ اس لحاظ سے سات سو سال کا عرصہ ٹھیک ہے۔

حضور نے فرمایا کہ مسلمانوں نے سپین پر بڑی شان و شوکت سے حکومت کی۔ لیکن جب انہوں نے آپس کے نفاق، ایک دوسرے سے لڑائیوں، ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے، عزتوں پر ہاتھ ڈالنے، بدظنیاں پھیلانے کی وجہ سے اللہ کی رسی کو چھوڑ دیا، اور اس بنیان مرصوص میں کئی سوراخ ہو گئے جو دشمن کے خلاف تعمیر ہوئی تھی، اس وقت سپین کے مسلمان نوابوں کو اپنی نوابی کی فکر پڑ گئی۔ اور اسلام کی محبت کی کوئی فکر نہ تھی۔ جب انہوں نے کجروی اختیار کی تو اُن کے دلوں کو بھی زنگ لگنے لگ گیا۔ اور خدا کے پیار سے محروم ہو کر وہ ذلیل و خوار ہو گئے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ صورتِ حال بڑی بھیانک ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ دُعا سکھلائی ہے۔ کہ

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا۔

کہ ہدایت کے بعد ہمارے دلوں کو کج نہ ہونے دینا۔ اس میں اللہ تعالیٰ نے دو باتوں کا اعلان کر دیا۔ ایک تو یہ کہ ہدایت دینا اللہ کا کام ہے۔ اور دوسرا یہ کہ بندہ اپنے آپ ہدایت پر قائم نہیں رہ سکتا۔ جب تک اللہ کی رحمتیں اس کے ساتھ نہ ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ یہ دُعا بہت ضروری ہے۔ یہ دُعا نسلوں تک کو ہدایت پر قائم رکھنے کے لئے ہے۔ ہمیں بھی یہ دُعا کرتے رہنا چاہیئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہماری نسلوں کو تا قیامت ہدایت پر قائم رکھے۔ اللہ تعالیٰ کا غضب ہماری نسلوں یا ہم پر نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہماری جماعت کو توفیق دے کہ ہم ساری دُنیا کے دل محبت، پیار اور اپنے اُسوہ کے ساتھ جیت کر اُن کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں لا بٹھائیں۔ آمین ؛

(الفضل ۱۷ دسمبر ۱۹۸۰ء)

قادیان میں شادی و رخصتانہ کی چند تقاریب

گذشتہ دنوں قادیان میں مقامی طور پر شادی و رخصتانہ کی چند پُر مسرت تقاریب بفضلہ تعالیٰ خیر و خوبی کے ساتھ انجام پذیر ہوئیں:۔

(۱) مورخہ ۱۵/۱۲/۸۰ کو مکرم مولوی مظفر احمد صاحب ظفر مبلغ ساندھن (علاقہ ملکانہ) ابن مکرم ضمیر احمد صاحب امروہوی مرحوم کی شادی خانہ آبادی مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ بنت مکرم شریف احمد صاحب شیخوپوری درویش کے ساتھ انجام پائی۔ اور مورخہ ۱۹/۱۲/۸۰ کو بعد نمازِ مغرب مکرم مولوی مظفر احمد صاحب کی جانب سے مکرم شریف احمد صاحب شیخوپوری کے مکان پر کم و بیش سو تین صد احباب و مستورات کو دعوتِ ولیمہ پر مدعو کیا گیا۔

(۲) مورخہ ۲۳/۱۲/۸۰ کو مکرم مولوی سید صباح الدین صاحب انسپکٹر بیت المال آمد ابن مکرم سید صمصام الدین صاحب مرحوم سونگھڑہ (اُڑیسہ) کی شادی خانہ آبادی مکرمہ شمیم اختر صاحبہ گیاتی بنت مکرم گیاتی عبد اللطیف صاحب درویش کے ہمراہ انجام پذیر ہوئی۔ اور مورخہ ۴/۱/۸۱ کو بعد نمازِ مغرب و عشاء دولہا کی جانب سے مکرم عبد العظیم صاحب درویش کے مکان پر دعوتِ ولیمہ کا اہتمام کیا گیا جس میں قریباً یکصد احباب و مستورات مدعو تھے۔

(۳) مورخہ ۲۴/۱۲/۸۰ کو مکرم محمد شریف صاحب پونچھی کارکن لنگر خانہ ابن مکرم خان محمد صاحب پونچھی کی شادی خانہ آبادی مکرمہ طاہرہ بیگم صاحبہ بنت مکرم بشیر الدین صاحب حیدر آبادی کے ساتھ انجام پائی۔ اور مورخہ ۳۰/۱۲/۸۰ کو مکرم محمد شریف صاحب کی جانب سے بعد نمازِ مغرب سرائے/ کوارٹرز مہمان خانہ میں کم و بیش پچاس افراد کو دعوتِ ولیمہ دی گئی۔

(۴) مورخہ ۲/۱/۸۱ کو مکرم ظہور احمد صاحب رفیقی کارکن نظارت علیا ابن مکرم ماسٹر عبد الرزاق صاحب منڈا انٹی آف بھدرواہ کی شادی خانہ آبادی مکرمہ ماجدہ طیبہ صاحبہ بنت مکرم محمد احمد صاحب تسنیم درویش مرحوم کے ساتھ انجام پائی۔ اور مورخہ ۳/۱/۸۱ کو دولہا کے والد کی طرف سے بعد نمازِ مغرب و عشاء احاطہ تعلیم الاسلام ہائی سکول میں قریباً ساڑھے تین صد احباب و مستورات کو دعوتِ ولیمہ پر مدعو کیا گیا۔

شادی و رخصتانہ کی ان تمام تقاریب میں از راہِ شفقت محترم حضرت صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی اور محترمہ حضرت سیدہ بیگم صاحبہ نے بھی شمولیت فرمائی۔ ہر موقعہ پر دولہا دولہن کو اپنی خاص دُعاؤں سے نوازا۔ اور کافی دیر تک فرو کش رہ کر جانبین کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ فجزاھما اللہ احسن الجزاء۔

قارئینِ بدر دُعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ان تمام تقاریب کو ہر جہت سے بابرکت کرے اور ان رشتوں کو مثمر ثمراتِ حسنہ بنائے۔ آمین ؛

(ایڈیٹر بدر)

درخواست دُعا: خاکسار اپنی والدہ محترمہ کی صحت و سلامتی اور سب اہلِ خاندان کی دینی و دنیوی ترقیات نیز اپنے کاروبار میں برکت و ترقی اور جملہ پریشانیوں کے ازالہ کے لئے احبابِ جماعت سے عاجزانہ دُعاؤں کا خواستگار ہے۔ (خاکسار سید شوکت علی کرنول (آندھرا))

ہیگ (ہالینڈ) میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی اہم دینی و جماعتی مصروفیات

اوسلو سے روانگی اور ہیگ میں ورود مسعود

حضور ایدہ اللہ بمع حضرت سیدہ بیگم صاحبہ مدظلہا و اہل قافلہ اوسلو سے بذریعہ ہوائی جہاز ہالینڈ کے دارالحکومت ایمسٹرڈم روانہ ہونے کے لئے ۴ راگست کو اڑھائی بجے بعد دوپہر قیام گاہ سے باہر تشریف لائے اور اجتماعی دعا کرائی جس میں اوسلو کے احباب جماعت جو حضور کو الوداع کہنے کی غرض سے بہت کثیر تعداد میں آئے ہوئے تھے شریک ہوئے بعد ازاں حضور نے احباب کو شرف مصافحہ بخشا اور پھر ان تمام مبلغین کو جو ناروے کی سب سے پہلی مسجد کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی غرض سے اوسلو آئے ہوئے تھے شرف مصافحہ عطا فرمانے کے بعد انہیں اپنے اپنے مشنوں میں واپس جانے کی ہدایت فرمائی۔ اجتماعی دعا اور مصافحوں سے فارغ ہونے کے بعد حضور اوسلو ایئر پورٹ روانہ ہونے کے لئے موٹر میں سوار ہوئے۔

ہوائی جہاز اوسلو سے پونے چار بجے سہ پہر روانہ ہو کر راستہ میں ناروے کی جنوبی بندرگاہ سٹوینگر (STEVENGER) کے فضائی مستقر پر کچھ دیر ٹھہرنے کے بعد سوا چھ بجے شام کے قریب ایمسٹرڈم کے فضائی مستقر پر اترا۔ فضائی مستقر پر ہالینڈ مشن کے مبلغ انچارج مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب۔ مبلغ ہالینڈ مکرم ناصر احمد صاحب شمس۔ ہالینڈ کے بعض نو مسلم احمدی احباب اور مکرم عثمان عبد اللہ اور کچھ پاکستانی احباب حضور کے استقبال کے لئے آئے ہوئے تھے۔ ان سب احباب نے آگے بڑھ کر حضور کا پُرتپاک خیر مقدم کرتے ہوئے حضور سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا۔ حضور ان سب احباب کی معیت میں پہلے وی۔ آئی۔ پی لاؤنج میں تشریف لائے۔ اور وہاں کچھ دیر ٹھہرنے کے بعد موٹر کاروں میں دی ہیگ روانہ ہوئے اور آٹھ بجے شام مسجد مبارک، ہیگ پہنچے۔ جہاں جماعت احمدیہ ہالینڈ کے احباب نے جو وہاں حضور کے انتظار میں صف بستہ ایستادہ تھے پُرجوش اسلامی نعرے لگا کر حضور کا بہت والہانہ انداز میں استقبال کیا۔ حضور انہیں مصافحہ کا شرف عطا فرمانے کے بعد مشن ہاؤس کے اندر تشریف لے گئے جہاں حضور نے دو روز قیام فرمایا۔

اجتماعی ملاقات

ہیگ پہنچنے کے دو گھنٹہ بعد دس بجے رات حضور نے مشن ہاؤس سے ملحق مسجد مبارک میں تشریف لا کر مغرب اور عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں سے فارغ ہونے کے بعد حضور مشن ہاؤس کے ڈرائنگ روم میں تشریف فرما ہوئے۔ اور قریباً پچاس منٹ تک حاضر احباب سے باتیں کیں۔

اس دوران میں حضور نے مبلغ انچارج ہالینڈ مشن مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب کو مخاطب کر کے انہیں دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کی بہت وسیع پیمانہ پر طباعت اور احمدیت کے تعارف پر مشتمل چھوٹے چھوٹے ٹریکٹوں کی شکل میں فولڈرز کی مختلف زبانوں میں اشاعت اور ان کی تقسیم کے نئے منصوبہ کی تفصیلات بیان فرمائیں۔

حضور نے فرمایا۔ منصوبہ یہ ہے کہ ہر مشن احمدیت کے تعارف پر مشتمل وہاں کی زبان میں فولڈر شائع کرے۔ پھر دنیا کی مختلف زبانوں میں طبع شدہ ان فولڈرز کو ہر مشن میں پہنچانے کا انتظام کیا جائے گا۔ اور کوشش یہ کی جائے گی کہ ہر زبان کے فولڈرز ہر وقت ہر مشن میں موجود رہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یورپ میں دنیا کے ہر حصہ کے سیاح بکثرت آتے ہیں۔ ہمارے دوستوں کا کام یہ ہوگا کہ وہ ہر ملک کے سیاح کو خود اس کی زبان میں احمدیت کے تعارف پر مشتمل فولڈرز پیش کریں۔ ایک غیر ملک میں سیاحت کے دوران جب ایک سیاح کو خود اس کی زبان میں کوئی چیز پڑھنے کے لئے پیش کی جائے گی۔ تو وہ اسے بہت شوق سے پڑھے گا۔ اس طرح ہر ملک میں دنیا کے دوسرے ممالک کے لوگوں تک خود ان کی زبانوں میں اسلام کا پیغام پہنچانے کی سبیل نکل آئے گی۔

حضور نے مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب کو یہ ہدایت بھی فرمائی کہ وہ حضور کا وہ پیغام اور انتباہ جو حضور نے ۱۹۶۷ء میں وانڈز ورتھ ہال لنڈن میں تقریر کرتے ہوئے دیا تھا اور جو

"امن کا پیغام اور ایک حرف انتباہ"

کے نام سے ٹریکٹ کی صورت میں شائع ہوا تھا۔ اس کا ڈچ ترجمہ فوری طور پر دوبارہ شائع کرنے کا انتظام کریں۔ اس میں مغربی اقوام کو جس خطرہ سے آگاہ کیا گیا تھا۔ اب وہ خطرہ بہت قریب [illegible]

آتا دکھائی دے رہا ہے۔ اور ہر جگہ لوگ مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ پیغام انہیں پڑھنے کے لئے دیا جائے۔ یہ مجلس گیارہ بجے رات تک جاری رہی۔

ڈچ پارلیمنٹ کے سیکرٹری کی طرف سے حضور کا پُرتپاک خیر مقدم

اگلے روز ۵ راگست کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ پارلیمنٹ کے سیکرٹری مسٹر بوفور (MR. BEAU FORT) کی دعوت پر پارلیمنٹ کی عمارت اندر سے دیکھنے اور ہالینڈ میں قانون سازی کے مرحلہ وار انتظامات کا معائنہ فرمانے کے لئے صبح ساڑھے دس بجے سے کچھ قبل پارلیمنٹ ہاؤس تشریف لے گئے۔ جب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ اہل قافلہ، مبلغین ہالینڈ اور بعض ڈچ نو مسلم احباب کی معیت میں وہاں پہنچے تو پارلیمنٹ کے صدر دروازہ پر پارلیمنٹ کے سیکرٹری مسٹر بوفور نے حضور کا بہت پُرتپاک استقبال کیا۔ اور بڑی گرمجوشی سے مصافحہ کرتے ہوئے حضور کو خوش آمدید کہا۔ بعد ازاں وہ حضور کو پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر لے گئے۔ انہوں نے ایوان بالا۔ ایوان زیریں کے علاوہ کابینہ کا کمرہ بھی دکھایا۔ اور پارلیمنٹ کی تاریخ بیان کرتے ہوئے مختلف ایوانوں اور کمروں کی دیواروں اور اندرونی چھتوں پر بنی ہوئی متعدد شاہکار پینٹنگز کے بارہ میں تفصیل سے بتایا کہ ہر پینٹنگ میں کس تاریخی واقعہ کی منظر کشی کی گئی ہے۔ پارلیمنٹ کی عمارت دکھانے کے بعد مسٹر بوفور نے نہایت ادب سے حضور کی خدمت میں عرض کیا کہ جو سربراہان مملکت اور دیگر اہم عالمی شخصیات از راہ تلطف پارلیمنٹ ہاؤس میں تشریف لا کر ہمیں سرفراز فرماتی ہیں ہم اس موقع کی یادگار کے طور پر ان کی خدمت میں ایک تحفہ پیش کیا کرتے ہیں۔ سو وہ یادگاری تحفہ نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ اسے قبول فرمائیں۔ یہ ایک بہت قیمتی نک ٹائی تھی جس کے اوپر ہالینڈ کی پارلیمنٹ کی عمارت کی تصویر بنی ہوئی تھی۔ حضور نے یہ تحفہ قبول فرماتے ہوئے سیکرٹری موصوف کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں سیکرٹری موصوف مشایعت کی غرض سے حضور کے ہمراہ پارلیمنٹ کے پریس روم کے دروازے تک آئے۔ اور پھر حضور سے اجازت طلب کر کے اپنے دفتر واپس تشریف لے گئے۔

حضور کا پریس کانفرنس سے خطاب

گیارہ بجے قبل دوپہر حضور نے پارلیمنٹ کے پریس روم میں پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا۔ اس میں ہالینڈ کے اخبارات اور نیوز ایجنسیوں کے نصف درجن کے قریب نمائندے اور فوٹو گرافر آئے ہوئے تھے۔ مترجم کے فرائض ہمارے ہالینڈ نژاد احمدی بھائی جناب عبد الحمید فان در فیلدن نے ادا کئے۔

دورہ کا مقصد

اس سوال کے جواب میں کہ آپ کے دورہ کا مقصد کیا ہے۔ حضور نے فرمایا۔ میں ایک لمبے دورہ پر ہوں۔ مقصد اس دورہ کا یہ ہے کہ اقوام عالم تک ایک پیغام پہنچانا چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ انسان، انسان سے محبت کرنا سیکھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اب تک زندگی کی آئینہ دار طاقت کے ذریعہ دنیا میں امن قائم کرنے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔ اقوام عالم اپنی اس کوشش میں ناکام ہو چکی ہیں۔ اور امن اس درجہ تہ و بالا ہو چکا ہے کہ دنیا مکمل تباہی کے کنارے جا لگی ہے۔ اس مکمل تباہی سے بچنے کے لئے کوئی دوسرا راستہ ہونا چاہیئے۔ وہ دوسرا راستہ باہمی محبت و پیار اور بے لوث خدمت کا راستہ ہے۔ میں محبت کے پرچار کی خاطر محبت کے جہاد پر نکلا ہوا ہوں۔ اور مجھے اس بات کا پورا یقین ہے کہ بالآخر ہم محبت کے اس پرچار اور محبت کے اس جہاد کے نتیجہ میں خدائے واحد کے لئے لوگوں کے دل جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

اس ضمن میں حضور نے مزید فرمایا۔ میں نے ۱۹۶۷ء میں مغربی اقوام کو ایک تیسری عالمگیر تباہی سے خبردار کیا تھا۔ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی پیشگوئی کے بموجب وہ تیسری عالمگیر تباہی اب قریب سے قریب تر آ رہی ہے۔ اور بڑی طاقتیں اس تباہی کو قریب لانے کی ذمہ دار ہیں۔ یہ تباہی مصنوعی خداؤں کو ترک کر کے اور خدائے واحد پر ایمان لانے اور اس کے ساتھ ذاتی تعلق قائم کرنے سے ہی رُک سکتی ہے۔ اسی لئے ہم محبت اور پیار اور بے لوث خدمت کے ذریعہ خدائے واحد کے لئے لوگوں کے دل جیتنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔ اور ہمیں یقین ہے کہ ہم لوگوں کے دل جیت لیں گے۔ اور محبت و پیار سے کام لیتے ہوئے انہیں اسلام کی عافیت بخش آغوش میں لے آئیں گے۔

غلبہ اسلام کا عمل اور اس کا ہتھیار

ایک صحافی نے کہا کہ یہ ظاہر ہے کہ آپ محبت و پیار کے ذریعہ لوگوں کے دل جیتنے [illegible]

کر انہیں اسلام کے دائرہ میں لانا چاہتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اسلام میں دُنیا کے موجودہ مسائل کا حل موجود ہے؟

حضور نے فرمایا۔ اسلام موجودہ مسائل کو حل کرنے کی پوری پوری اہلیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر حضورؒ نے فرمایا اس زمانہ کا ایک اہم مسئلہ جو صنعتی انقلاب کی پیداوار ہے، لیبر پرابلم ہے۔ مزدور اپنے حقوق کے لئے سٹرائیکیں کرتے ہیں لیکن نہیں جانتے کہ ان کے حقوق کیا ہیں۔ اُنہیں اپنے حقوق کا علم کیسے ہو جبکہ اس زمانے کے مادی نظریۂ حیات نے بھی لوگوں کی ضروریات اور حقوق کی تعریف نہیں کی۔ اور نہیں بتایا کہ ان کی ضروریات اور حقوق کیا ہیں۔ ضرورت اور حقوق کے عدم علم کی وجہ سے مزدور بالعموم اپنی اُجرتوں میں اضافہ کا مطالبہ کرتے ہیں۔ سٹرائیک کی دھمکیوں کے نتیجہ میں اضافہ بھی ہو جاتا ہے۔ لیکن مسئلہ پھر بھی حل نہیں ہوتا۔ اور اُن میں بے چینی ہے کہ بڑھتی چلی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر فیملی کی ضروریات مختلف ہیں ایک مزدور اکیلا ہے اُس کی اُجرت میں بھی پچاس گلڈر کا اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ ایک مزدور کے تین بچے ہیں۔ اس کی اُجرت میں بھی پچاس گلڈر کا اضافہ ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس مزدور کے تین بچے ہیں، اُسے اُس مزدور کے مقابلہ میں بہت کم فائدہ پہنچتا ہے جو اکیلا ہے۔ ایسی صورت میں بے چینی دُور ہو تو کیسے ہو۔ اس کے بالمقابل اسلام نے ضرورت سے زیادہ حق پر زور دیا ہے۔ اور بتایا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو بعض جسمانی، ذہنی، اخلاقی اور رُوحانی استعدادیں عطا کی ہیں۔ کسی کو کم، کسی کو زیادہ۔ ہر انسان کا یہ حق ہے کہ اُس کی ان جملہ استعدادوں کی کامل اور بھرپور نشوونما کا پُورا پُورا انتظام ہو۔ اگر اسلام کی تعلیم کی رُو سے تمام انسانوں کی خداداد استعدادوں کی بھرپور نشوونما کا پورا پورا انتظام کر دیا جائے تو پھر بے چینی باقی رہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ مسئلہ صرف اُجرتوں میں اضافہ سے حل نہیں ہوگا۔ بلکہ ہر انسان کی خداداد جسمانی، ذہنی، اخلاقی اور رُوحانی استعدادوں کی کامل نشوونما کے خاطر خواہ انتظام سے ہوگا۔ یہ تو ایک مثال ہے اسلامی تعلیم میں ہر مسئلہ کا حل موجود ہے۔

اسلام کی بہتر تفہیم کا ذریعہ

ایک صحافی نے کہا کہ جہاں تک اسلامی تعلیم میں موجودہ مسائل کا حل موجود ہونے کا تعلق ہے کیا ہم یہ اُمید کر سکتے ہیں کہ آپ کے حالیہ دَورہ سے مغربی اقوام میں اسلامی تعلیم کی بہتر تفہیم کا شعور پیدا ہوگا؟

حضور نے فرمایا۔ جہاں تک بہتر تفہیم کا تعلق ہے، میرے دَورے سے اس میں ضرور مدد ملے گی۔ اور اس لئے بھی ملے گی کہ آپ لوگوں کے مسائل بڑھتے جا رہے ہیں۔ لیکن آپ کے پاس اُن کا کوئی حل نہیں ہے۔ جب آپ لوگوں کو اپنے مسائل کا کوئی حل نہیں ملے گا اور آپ حل کی تلاش میں اِدھر اُدھر بھاگیں گے تو پھر آپ کو اُس حل کی طرف متوجہ ہونا پڑے گا جو اسلام پیش کرتا ہے۔ اور اس حل میں ہی آپ کو اپنی نجات کا راستہ نظر آئے گا۔ تاہم آپ لوگوں کو ابھی اخلاقی اور رُوحانی ارتقاء کے بعض مراحل میں سے گزر کر اسلام کی طرف آنا ہوگا۔

دِلوں میں تبدیلی کی اہمیت

اِس سوال کے جواب میں کہ ھالینڈ میں آپ کی جماعت کتنی مضبوط ہے، حضور نے فرمایا، پورے ہالینڈ میں ڈیڑھ دوسو احمدی ہوں گے۔ اور ان میں سے ڈچ احمدیوں کی تعداد چند درجن ہوگی۔ لیکن خدائی جماعتوں میں ابتداءً افراد کی تعداد کو نہیں بلکہ دلوں میں رُونما ہونے والی تبدیلی کو اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ ۱۹۶۷ء میں جب میں یورپ آیا تھا تو اس وقت بھی مجھ سے یہ سوال کیا گیا تھا۔ میں نے جواب دیا تھا کہ مسیح ناصری علیہ السلام نے جب فلسطین میں اپنے مشن کا آغاز کیا تھا وہ بھی اُس وقت بہت تھوڑے لوگوں کو اپنا ہم خیال بنا سکے تھے۔ وہ ایسا مرحلہ تھا کہ جس میں تعداد کو چنداں اہمیت حاصل نہ تھی۔ اگرچہ یورپ میں ہماری تعداد ابھی زیادہ نہیں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ ہم برابر ترقی کر رہے ہیں۔ اور ہماری کوششوں کے نتیجہ میں رفتہ رفتہ تبدیلی آ رہی ہے۔

جبر سے دِل نہیں بدلے جا سکتے

ایک رپورٹر نے کہا، انڈونیشیا میں عیسائی مشن کو مشنری سرگرمیاں جاری رکھنے کی ممانعت کر دی گئی ہے۔ آپ اس پر کیا تبصرہ کرنا پسند کریں گے؟ حضور نے فرمایا، میری معلومات یہ ہیں کہ عیسائی مشنری انڈونیشیا میں آج بھی کام کر رہے ہیں۔ جہاں تک کسی بھی ملک میں تبلیغ و اشاعت کا تعلق ہے میں اُصولی اور بُنیادی طور پر تبلیغی سرگرمیوں کی ممانعت کے خلاف ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جبر سے دِل نہیں بدلے جا سکتے۔ پُرامن اور مُہذب طریقے سے تبادلۂ خیالات کی کھُلی اجازت ہونی چاہیئے۔ اور اس پر قدغن نہیں لگانی چاہیئے۔ ہم نے تو پوپ سے بھی کہا تھا کہ دُنیا کے مختلف حصّوں میں تبادلۂ خیالات کا انتظام ہونا چاہیئے۔

پوپ سے ملاقات کے بارہ میں سوال

اِس سوال کے جواب میں کہ کیا حالیہ دَورہ میں آپ پوپ سے ملاقات کریں گے؟ حضور نے فرمایا، جہاں تک موجودہ دَورہ کا تعلق ہے پوپ سے ملاقات کرنا میرے پروگرام میں شامل نہیں ہے۔ میں اٹلی نہیں جا رہا۔ اگر آئندہ کبھی میں اٹلی گیا اور وہاں پوپ سے ملاقات کرنا ممکن ہُوا تو مجھے ان سے ملاقات کر کے خوشی ہوگی۔

جب بعض صحافیوں نے بعض اسلامی مُلکوں کے سیاسی طرزِ عمل کے بارہ میں سوال کرنا چاہا تو حضورؒ نے فرمایا۔ میں مذہبی آدمی ہُوں ایسے مُلکوں کے سیاسی طرزِ عمل کے بارہ میں جن کے حالات کا مجھے پُورے طور پر علم نہیں ہے میں کوئی تبصرہ کرنا نہیں چاہتا۔

اِس پریس کانفرنس میں روزنامہ "نیدرلینڈز ڈخ بلڈز" (NEDERLANDS DAGBLAD) کے نمائندہ مسٹر اے۔ بی۔ وستے۔ روزنامہ الجیمن ڈخ بلڈز (ALGEMEEN DAGBLAD) کے مسٹر ڈبلیو فنڈ پوسٹ۔ اور .... ڈاکٹر فنڈ بیغ (DR. J.P. VD. VEERG) کے علاوہ دو خبر رساں ایجنسیوں کے نمائندے بھی آئے ہوئے تھے۔ ان میں نیوز ایجنسی جی۔ پی۔ ڈی کے مسٹر سی زورن اور نیوز ایجنسی "ابرابنت پرس" (BRABANT PERS) کی مس ایوون فنڈ ہیڈن (MISS YVONNE VD. HIJDEN) شامل تھیں۔ فوٹو گرافرز ان کے علاوہ تھے۔

اخباروں نے حضور ایدہ اللہ تعالےٰ کی پریس کانفرنس کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا۔ مثال کے طور پر ہفت روزہ نیو (NU) جس کے معنے ہیں "آجکل" نے سیدنا حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ احمدیہ کے فوٹو کے ساتھ جو خبر شائع کی اس کا ترجمہ درج ذیل ہے۔ اخبار مذکور نے خبر پر جو عنوان لگایا وہ یہ ہے:۔

"اسمبلی کے پریس رُوم میں پیغمبرانہ باتیں"

"دی ہیگ۔ نیوز رپورٹ (اسمبلی کے پریس رُوم) میں ہم نے ایک مقدس وجود سے ہاتھ ملائے۔ یہ ہے وہ تاثر جو حضرت حافظ مرزا ناصر احمد امام جماعت احمدیہ سے مل کر دِل میں اُبھرتا ہے۔ آپ یورپی خدوخال رکھتے ہیں۔ اور چہرے سے آپ کے نُور جھلکتا ہے۔ جو اہلِ مغرب کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

آپ (بانی سلسلہ احمدیہ کے بعد) تیسری نسل میں نہایت اہم دینی پیغام پہنچا رہے ہیں۔ جسے اب تک لاکھوں انسان قبول کر چکے ہیں۔ اس پیغام کو تمام دُنیا میں پھیلایا جا رہا ہے۔ ہیگ میں یہ پیغام اوسٹ ڈاؤن لان ۷۹ پر واقع مسجد سے بلند کیا جاتا ہے۔ امام جماعت احمدیہ جن کا ہم (اس خبر میں) احمد ثالث کے نام سے ذکر کریں گے، حضرت مرزا غلام احمدؑ کے پوتے ہیں۔ وہ ۱۸۳۵ء میں انڈیا کے ایک گاؤں قادیان میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے ۴۵ سال کی عمر میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔ اُن سے پہلے اگرچہ اور بھی بہت سے لوگوں نے ایسا دعویٰ کیا مگر یہ صرف حضرت مرزا غلام احمد ہی تھے جو سُورج اور چاند گرہن کا نشان اپنی صداقت کے ثبوت میں پیش کر سکے۔ یہ نشان اُن کے دعویٰ کے بعد ظہور پذیر ہُوا۔ اُنہوں نے ایک کتاب براہین احمدیہ چار جلدوں میں لکھی جس میں مستقبل کے متعلق پیشگوئیاں درج ہیں۔

احمد ثالث (حضرت امام جماعت احمدیہ) نے ۱۹۶۰ء میں لندن میں احمدیت کی تعلیم بڑی وضاحت سے بیان کی تھی۔ اس صدی میں رُونما ہونے والے بڑے بڑے اور اہم واقعات مثلاً روس اور جاپان کی جنگ، ایشیا میں بڑی طاقتوں کا ظہور۔ زار کی حالتِ زار۔ کمیونزم کا پھیلاؤ۔ پہلی اور دُوسری جنگِ عظیم۔ یہ سب واقعات آپ کے دادا (حضرت مرزا غلام احمد) کی کُتب میں بطور پیشگوئی پہلے ہی سے درج تھے یہی نہیں اس سے بڑھ کر مزید یہ بتایا گیا ہے کہ ایک اور بہت بڑی تباہی نوعِ انسان پر آنے والی ہے۔ صرف جنگیں ہی نہیں بلکہ زلزلے آنے کا ذکر بھی موجود ہے۔ بتایا گیا کہ امریکہ اور روس اپنی طاقت کھو بیٹھیں گے۔ روس نسبتاً پہلے سنبھلے گا۔ اور لوگ خدائے واحد کی طرف لوٹیں گے۔ تب اسلام فاتحانہ شان میں عالمی مذہب کی حیثیت اختیار کرے گا۔

